چیئرمین کی جائزہ رپورٹ

میں دسمبر 2023 کو ختم ہونے والے سال کا سالانہ جائزہ پیش کرتے ہوئے خوشی محسوس کرتا ہوں۔

سال 2023 بھی مسلسل سیاسی عدم استحکام کا شکار رہا ہے جس میں نگران حکومت کی توجہ روزمرہ کے کاموں پر مرکوز رہی ہے جس وجہ سے طویل مدتی منصوبوں پر حکومتی اخراجات کا فقدان رہا ہے۔ افراط زر میں اضافہ اور بجلی اور قدرتی گیس کے نرخوں میں نمایاں اضافہ نے بدحالی میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔

مندرجہ بالا تمام مشکلات کے باوجود، KSB پاکستان نے سال 2023 کی پیشگوئی کے اعداد و شمار سے زیادہ نتائج حاصل کرنے میں کامیاب رہا ہے۔ سال 2022 کے مقابلے میں 4.8 فیصد زیادہ مارجن کے ساتھ 5,755 ملین روپے کا مضبوط ٹرن اوور اور کمپنی کے بجٹ اور پچھلے سال کی مضبوط آپریشنل کارکردگی کے مطابق 385 ملین روپے کا EBIT درج کرایا ہے۔

کمپنی اپنے قابل قدر صارفین کو فروخت کے بعد سپورٹ فراہم کرنے کے لیے ملک میں اپنے فُٹ پرنٹ کو وسعت دے رہی ہے۔ اپنے اسٹیک ہولڈرز کے لئے مقامی قدر پیدا کرنے کے لیے، کمپنی کے عزم کے مطابق لاہور اور کراچی میں 02 سروس ورکشاپس کا اضافہ کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ، ریورس انجینئرنگ کی صورت میں برآمدی کاروبار اور انٹر کمپنی کاروبار کی صورت میں پمپس کی فراہمی پر مرکوز توجہ سال 2023 کی پہچان رہی ہے۔

KSB پاکستان نے استحکام میں اپنی مہم کو جاری رکھا ہوا ہے، اور کامیابی کے ساتھ مسلسل اپنی توجہ مرکوز کر رہی ہے۔ تمام اہم مقامات پر ہمارے کاربن فُٹ پرنٹ کو کم کرتے ہوئے لاہور کو اپ گریڈ اور کراچی کو بھی اس فہرست میں شامل کیا گیا ہے۔ ہم نے ان تمام مقامات پر پینے کے صاف پانی کے اقدامات بھی کئے ہیں تاکہ فلٹریشن پلانٹس اپنے ملازمین کو پینے کا صاف پانی فراہم اور بوتل بند پانی کی ضرورت کو ختم کر سکیں۔

اپنے ملازمین کے تاثرات کی بنیاد پر، کمپنی نے اپنے ملازمین کی مصروفیات کو بہتر بنانے پر توجہ مرکوز کی ہے اور اندرون ملک متعدد تربیت کے ذریعے سیکھنے اور ترقی کے کلچر کو قائم کیا ہے۔ اسی اثناء میں، جسمانی صحت اور ذہنی تندرستی ان سرگرمیوں کا مرکز رہی ہے۔ روزمرہ کے دباؤ والے کام کے ماحول میں ملازمین کو بہترین طریقے سے نکالنے کے لیے سپورٹس گالا، اورنج پارٹیز اور لائیو باربی کیو کا انعقاد کیا گیا ہے۔

بورڈ میں کچھ نئے چہروں نے نئی آڈٹ اور ایچ آر کمیٹیوں کے علاوہ کمپنی کے فیصلہ سازی میں مزید اضافہ کیا ہے۔ فیلو بورڈ ممبران عالمی اور مقامی معاشی رجحانات سے بخوبی واقف ہیں اور ساتھ ہی وہ مضبوط کاروباری ذہانت کے حامل ہیں جو مستقبل میں سرمایہ کاری اور مارکیٹوں تک رسائی میں مدد دیتے ہیں۔ بورڈ کے باقاعدہ اجلاس اور ماضی کے نتائج کا جائزہ اور مستقبل کے لیے حکمت عملی تیار کرنا KSB پاکستان کے بورڈ کا خاصہ ہے۔

میں اپنے فیلو بورڈ ممبران اور تمام اسٹیک ہولڈرز کے اعتماد اور انتظامیہ اور کمپنی کے ساتھ مسلسل تعاون کے لیے ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

Dr. Sven Baumgarten

چیئرمین

لاہور: 14 مارچ 2024ء